PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

سپر اسپورٹس نے 2023 تک پاکستان کے ہوم میچز اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کے نشریاتی حقوق حاصل کرلیے

- معاہدے کے تحت سپر اسپورٹس 83 روز پر مشتمل ہوم انٹرنیشنل کرکٹ اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کو افریقی ریجن میں براہ راست نشر کرے گا
- اس حکمت عملی کے تحت پی سی بی دیگر مختلف ریجنز کے لیے براڈکاسٹ لائسنس پارٹنر کا اعلان بھی مناسب وقت پر کردے گا
- اس شراکت داری سے پاکستان کو اپنے باصلاحیت کھلاڑیوں، انٹرنیشنل میچز اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کو دنیا تک پہنچانے میں معاونت ملے گی، وسیم خان

لاہور، 29 اکتوبر 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے جنوبی افریقہ کے معروف اسپورٹس نیٹ ورک سپر اسپورٹس کے ساتھ تین سال کا معاہدہ کرلیا ہے۔
معاہدے کے مطابق سپر اسپورٹس دسمبر 2022 تک پاکستان میں کھیلی جانے والی تمام ہوم انٹرنیشنل سیریز اور سال 2021 سے 2023 تک کے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کا براڈکاسٹ لائسنس پارٹنر بن گیا ہے۔

اس معاہدے کے تحت تیس اکتوبر سے راولپنڈی میں شروع ہونے والی پاکستان اور زمبابوے کے خلاف محدود فارمیٹ کی سیریز کے افریقی ریجن میں نشریات کے حقوق صرف سپر اسپورٹس کے پاس ہوں گے۔

ان تین سالوں میں پاکستان کو 9 ٹیسٹ، 20 ایک روزہ اور 18 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچوں پر مشتمل 83 روزہ ہوم انٹرنیشنل کرکٹ کھیلنی ہے۔

اس سے قبل پی سی بی ڈومیسٹک میچز کی تین سال تک پاکستان میں نشریات کے حقوق کا معاہدہ پاکستان ٹیلی ویژن کے ساتھ کرچکا ہے۔

پچیس سال قبل اپنی نشریات کا آغاز کرنے والے سپر اسپورٹس نیٹ ورک میں آج 19 ایچ ڈی چینلز شامل ہیں، جن میں ایک بالخصوص کرکٹ کی کوریج کرتا ہے۔ باقی 18 چینلز ٹینس، گولف، فٹبال سمیت دیگر کھیلوں کی کوریج کرتے ہیں۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ ہمیں دنیا کے معروف اسپورٹس نیٹ ورک سپر اسپورٹس کے ساتھ شراکت داری پر خوشی ہے، سپر اسپورٹس کے ساتھ تین سالہ نشریاتی حقوق کے معاہدے سے اب افریقی ریجن میں بسنے والے کرکٹ مداحوں کو پاکستان کی ہوم انٹرنیشنل کرکٹ اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کی براراست نشریات میسر ہوں گی۔

انہوں نے کہا کہ اس شراکت داری سے پاکستان کو اپنے باصلاحیت کھلاڑیوں، انٹرنیشنل میچز اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کو دنیا تک پہنچانے میں معاونت ملے گی۔

مارک جوری، ہیڈ آف ایکوزیشن سپر اسپورٹس:

مارک جوری نے کہا کہ ہم پاکستان کے انٹرنیشنل ہوم میچز اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کے براہ راست ایکشن کے لیے پی سی بی کے ساتھ اپنی شراکت داری پر بہت خوش ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.